110676-ایک ایسے ادارے میں کام کرنا جو ٹیکس وصولی کی نگرانی کرنے والی وزارت کے تحت ہے۔

سوال

سوال : کسی حکومتی ادارے میں کمیو نیکیشن ٹیکنیشن کے طور پر کام کرنے کا کیا حکم ہے ؟ یہ ادارہ شہریوں کیلئے حکومت کی جانب سے قائم کئے جانے والے رہائشی اورانڈسٹریل منصوبوں کیلئے منصوبہ بندی اور ابتدائی تیاری کی ذمہ داری نبھاتا ہے۔

یہ ادارہ اس وقت وزارت خزانہ کے تحت ادارہ برائے بجٹ کا ماتحت ہے ، پہلے یہ ادارہ وزارتِ منصوبہ بندی کے تحت تھا، یہ بات قابل غور ہے کہ کہ وزارتِ خزانہ مختلف اداروں کی نگران ہے ، جن میں ادارہ برائے حکومتی املاک، ادارہ برائے زمینی پیمائش ، ادارہ برائے بجٹ، اوراسی طرح ادارہ برائے کسٹم و ٹیکس بھی شامل ہے ،چنانچہ اب ایسے ادارے میں کام کرنے کا کیا حکم ہے ؟ اوراس سے ملنے والی تنخواہ اور مختلف الاؤنس وصول کرنے کا کیا حکم ہے ؟

پسندیدہ جواب

آپکے ذکر کردہ کام میں کوئی حرج نہیں ہے ، اوراس سے آپکو کوئی نقصان نہیں ہے کہ
آپکا ادارہ ایسی وازرت کے ماتحت ہے جوادارہ برائے ٹیکس کی نگرانی بھی کرتا ہے۔

چنانچہ اصل اعتبار اس بات کا ہوگا کہ آپ جو کام کرتے ہیں وہ شرعی مخالفت سے پاک ہے ،
لہذا اگر آپ کا کام شرعی طور پر جائز ہے تو یہ کام کرنا جائز ہوگا ، اوراس سے حاصل
شدہ تنخواہ بھی حلال ہوگی۔

واللہ اعلم.